ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(445)

16-08-2023

## بہاولپور(        )ڈی پی اوسید محمد عباس کی طرف سے ضلع میں کرائم کنٹرول کرنے کے حوالے سے بہاولپور کے خارجی اور داخلی راستوں پر موثر سنیپ چیکنگ کے احکامات جاری، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے تحت سنیپ چیکنگ کی جائے تو جرائم کی روک تھام بہتر ہوسکتی ہے،ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سنیپ چیکنگ قانون شکنی کی عملی مانیٹرنگ کی پہلی نتیجہ خیز سیڑھی اور ایک بڑا قانونی ہتھیار ہے۔سنیپ چیکنگ کو اگر اس کی روح کے مطابق عمل میں لایا جائے تو اس کے مثبت نتائج برآمد ہوسکتے ہیں اور بہت سے جرائم کا قبل از وقت انسداد کیا جاسکتا ہے، ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے ضلع کے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کی ہدایات جاری کیں، سنیپ چیکنگ کرنے والے افسران اگر ماہرانہ انداز میں یہ کام کریں تو ضلع کے داخلی اورخارجی راستوں سے نا کوئی قانون شکن ضلع میں آ سکتا ہے اور نا جاسکتا ہے، انہوں نے کہا کہ مال مویشی چوری، ناجائز اسلحہ اور منشیات کی اسمگلنگ روکنے کیلئے ضلع کے انٹری اور ایگزٹ پوائنٹ انتہائی اہم ہوتے ہیں۔ اگر سستی، لاپرواہی اور غفلت نا برتی جائے تو موثر سنیپ چیکنگ سے جرائم پیشہ عناصر، گینگز بھی پکڑے جاسکتے ہیں جبکہ منشیات اور ناجائز اسلحہ کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حمل روک کر معاشرے کو معاشرتی بدامنی سے بچایا جاسکتا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(446)

مورخہ15.08.2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 06ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03ملزمان عاشق حسین،عبداللہ سعید اور راشد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 کلو160 گرام چرس اور 20 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔اسی تھانہ اوچشریف،تھانہ خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03ملزمان مرید حسین، فضل حسین اور اقبال کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 215لیٹر دیسی شراب اور 02عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو بدامنی سے پاک کیا جا سکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس